QRickit

4108CH08

# 8

# سردی کی دوپہر

’’امّی بھوک لگی ہے، جلدی کھانا دیجیے۔‘‘ اسکول کی چھٹی کے بعد گھر پہنچتے ہی آمنہ نے کہا۔ ’’آ گئی میری شہزادی‘‘۔ امّی نے پھول سی آمنہ کو پیار کیا۔

’’بس ابھی لاتی ہوں۔ تمھارا بھائی جاوید کہاں ہے؟‘‘ امّی نے پوچھا۔

’’وہ آتے ہی چھت پر چلے گئے‘‘ آمنہ نے کہا۔

امّی بولیں، ’’تم بھی چھت پر چلی جاؤ۔ آج ٹھنڈ بہت ہے۔ دھوپ لگا لو۔ تمھارے دادا جی بھی وہیں ہیں۔‘‘، ’’اچھّا‘‘ کہہ کر آمنہ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اوپر گئی۔

’’ایک... دو... تین... چار... پانچ... چھے... سات... آٹھ... نو‘‘ آمنہ ہر سیڑھی پر قدم رکھتی اور گنتی جاتی۔



چھت پر دادا جی اخبار پڑھ رہے تھے۔ ان کے سامنے تھال میں پھل رکھے تھے۔

جاوید جھُولا جھول رہا تھا۔

آمنہ دادا جی کو سلام کر کے بھاگتی ہوئی جھُولے کی طرف گئی۔

دادا جی نے پاس رکھی بوتل کا ڈھکن کھول کر پانی پی کر کہا، ''آ گئی میری بچّی۔''

اتنے میں امّی چھت پر ہی کھانا لے کر آ گئیں۔ جاوید بولا، ''بڑی اچھی خوش بو آ رہی ہے۔'' امّاں بولیں، ''آج آلو گوبھی کی سبزی بنائی ہے۔''

اتنے میں سڑک سے کوئی ڈھول بجاتا ہوا گزرا۔ ڈھم ڈھم ڈھم ڈھم...

آمنہ دوڑی ہوئی ڈھول بجانے والے کو دیکھنے گئی۔ خود بھی ڈھول کی تھاپ پر جھوم اٹھی۔

پھر سب نے مل کر کھانا کھایا اور ٹھنڈ میں دھوپ کے مزے لیے۔



© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس سبق کی مدد سے بچّوں کو ہکاری آوازیں سکھائی جائیں۔
- بچّوں سے معلوم کیجیے کہ اس سبق میں ایسے کون سے الفاظ ہیں جن میں 'بھ' کی آواز پائی جاتی ہے۔ بچّے کہیں گے۔ بھوک، بھائی، ابھی، بھاگتی اور گو بھی۔
- یہ الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھ کر بچّوں کو بتائیں کہ ان میں آنے والا حرف 'بھ' دو حروف 'ب' اور 'ھ' سے مل کر بنا ہے۔ تختۂ سیاہ پر اسے لکھ کر دکھائیں۔

ب + ھ = بھ

- اسی طرح پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ اور گھ کے لیے بھی اوپر دیے ہوئے طریقے کو دوہرائیے۔ بچّوں کو بتایئے کہ یہ حروف ہکاری حروف کہلاتے ہیں۔ یہ تمام حرف دو حروف سے مل کر بنے ضرور ہیں لیکن ان کی آواز ایک ہی ہے اور ملنے کے بعد اب یہ دو نہیں ایک ہی حرف ہے۔

## مشق



**1.** دیے گئے حروف میں دوچشمی 'ھ' ملا کر ہکاری حروف بنوایئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب | ھ | = | ________ |
| پ | ھ | = | ________ |
| ت | ھ | = | ________ |
| ٹ | ھ | = | ________ |
| ج | ھ | = | ________ |
| چ | ھ | = | ________ |



© NCERT not to be republished



| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ھ | = | ______ |
| ڈ | ھ | = | ______ |
| ڑ | ھ | = | ______ |
| ک | ھ | = | ______ |
| گ | ھ | = | ______ |

## 2. حروف جوڑ کر لفظ بنوائیے





| | | | |
|---|---|---|---|
| بھ | ا | = | ______ |
| پھ | ا | = | ______ |
| تھ | ا | = | ______ |
| ٹھ | ا | = | ______ |
| جھ | ا | = | ______ |
| چھ | ا | = | ______ |
| دھ | ا | = | ______ |
| ڈھ | ا | = | ______ |
| ڑھ | ا | = | ______ |
| کھ | ا | = | ______ |
| گھ | ا | = | ______ |



© NCERT not to be republished



## 3. مثال کے مطابق حروف ملا کر لفظ بنوائیے

مثال: بھ ا ل و = بھالو

بھ و ل = ____________

پھ و ل = ____________

ٹھ و ک ر = ____________

جھ و ل ا = ____________

چھ ڑ ی = ____________


دھ و پ = ____________

ڈھ و ل = ____________

پ ڑھ ن ا = ____________

کھ ی ر ا = ____________

گھ ڑ ی = ____________





© NCERT not to be republished


## 4. نیچے دی گئی تصویروں کو پہچان کر ان کا پہلا حرف لکھوائیے






.....................

.....................





.....................

.....................

## 5. نیچے دیے ہوئے ہکاری حروف کو لکھوائیے

بھ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

جھ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

ڈھ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

ڑھ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

گھ ____ ____ ____ ____ ____ ____ ____

© NCERT not to be republished



## 6. نیچے دیے گئے الفاظ کو خالی جگہوں میں بھروایئے

پھُول　　چھت　　تھال　　ڈھول　　اچھی

1. اتنے میں امّی ________ پر ہی کھانا لے کر آ گئیں۔
2. امّی نے ________ سی آمنہ کو پیار کیا۔
3. بڑی ________ خوش بو آ رہی ہے۔
4. ان کے سامنے ________ میں پھل رکھے تھے۔
5. خود بھی ________ کی تھاپ پر جھوم اٹھی۔



## 7. چھتری کی تصویر بنوایئے اور رنگ بھروایئے



© NCERT not to be republished